# ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) سے الشہادۃ العالمیہ کا معادلہ

سرکاری تعلیمی اداروں میں عربی و اسلامیات کی تدریس، ملازمت اور مزید تعلیم کیلئے اندرون و بیرون ملک متعلقہ ادارے اس سند کا مساوی سرٹیفکیٹ طلب کرتے ہیں جو HEC اسلام آباد جاری کرتا ہے (HEC لاہور، کراچی کے ریجنل آفس سے بھی رجوع کیا جا سکتا ہے)۔

## مساوی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا طریقہ

1۔ امیدوار کے پاس درجہ عامہ (میٹرک) تا درجہ عالمیہ (ایم اے) چاروں اسناد اور رزلٹ کارڈ کا ہونا لازم ہے۔ جن کے پاس فقط الشہادۃ العالمیہ کی سند ہے وہ دفتر وفاق المدارس سے رابطہ کر کے تین ذیلی اسناد حاصل کریں۔ اس کے بعد چاروں اصل اسناد، رزلٹ کارڈ اور ان کی دو، دو فوٹو کاپیاں، 500 روپے فیس کے ہمراہ دفتر وفاق المدارس میں جمع کرائی جائیں۔ دفتر کی طرف سے ضروری کاروائی، تصدیق ناموں کے اجراء، HEC کے مقررہ فارم کی جناب سیکرٹری جنرل سے تصدیق کے بعد تمام اسناد، کاغذات امیدوار کو واپس کیے جائیں گے۔

2۔ عامہ، خاصہ کی دونوں اصل اسناد، رزلٹ کارڈ، نیلے رنگ کا تصدیق نامہ اور مصدقہ نقول کا بند لفافہ، انٹر بورڈ آفس میں قائم شعبہ IBCC میں برائے Attestation جمع کرائی جائیں۔ بند Seal لفافہ کھولے بغیر ان کے حوالے کریں۔ مقررہ فیس 800 روپے بینک میں جمع ہوگی۔ یہ شعبہ اصل اسناد کی پشت پر Attested کی مہر لگا دے گا۔

3۔ اس کے بعد چاروں اصل اسناد، رزلٹ کارڈ، ان کی مصدقہ فوٹو کاپیاں، وفاق المدارس کے تصدیق نامہ، HEC کا مصدقہ فارم، مصدقہ شناختی کارڈ کاپی، مقررہ فیس کے ساتھ HEC ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد یا لاہور، کراچی وغیرہ کے ریجنل دفاتر کے متعلقہ شعبہ کو بذریعہ ڈاک، کوریئر یا دستی جمع کرائیں۔ چند دن بعد امیدوار کے دیئے ہوئے پتہ پر مساوی سرٹیفکیٹ بھیج دیا جائے گا۔

نوٹ: اسناد کی تصدیق سمیت کسی بھی کام کیلئے امیدوار کا دفتر میں خود آنا لازم نہیں بلکہ کاغذات، فیس کا کسی بھی ذریعہ سے پہنچانا کافی ہے، نیز طالبات، خواتین کا آنا قطعی ممنوع ہے۔

## فقط عامہ و خاصہ اسناد کا معادلہ

درجہ عامہ، خاصہ کی اسناد کو انٹر بورڈ میں واقع IBCC کا شعبہ Attest بھی کرتا ہے اور مساوی سرٹیفکیٹ بھی جاری کرتا ہے۔ IBCC کے دفاتر ملک کے انٹرمیڈیٹ بورڈ میں ہوتے ہیں۔ حال ہی میں بہاول پور میں بھی D-5/5 عزیز بھٹی روڈ ماڈل ٹاؤن بہاولپور میں بھی یہ دفتر قائم کیا گیا ہے فون نمبر 062-9255601۔

مزید وضاحت کی ضرورت ہو تو دفتری اوقات کار میں درج ذیل نمبرز، پتہ، ای میل پر رابطہ کریں۔

ڈاک کا پتہ: وفاق المدارس الشیعہ پاکستان، جامعۃ المنتظر H بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور 54700 ای میل: wmshiapk@gmail.com فون نمبرز: 042-35884425 04235857691 ویب سائٹ: wmshiapk.tk